© rasailojaraid.com

لکھے" غلط ہے" مجھکو خط لکھئے" ہونا چاہیے" وغیر ذالک۔ تاہم مرزا ادیب صاحب کا طرز تحریر بہت دلکش، موثر اور پرزور ہے۔ اور کتاب اسقدر دلچسپ ہے کہ شروع کر دینے کے بعد ختم کئے بغیر اسی چھوڑ دینے کو جی نہیں چاہتا۔

گل و مُل | تقطیع خورد ضخامت ۲۸۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت عہ شائع کردہ انجمن ترقی ادب شیدی پورہ نئی دہلی۔

سید علی عباس صاحب بی۔ اے ال ال بی (علیگ) فارسی اور اردو دونوں زبانوں کے خوش فکر و خوش بیان شاعر گرامی نشان ہیں اگرچہ خود اپنے قول کے مطابق عباس صاحب نے غالب کی پیروی کی بہت کچھ کوشش کی ہے لیکن آخر امران کا اپنا ایک مستقل رنگ قائم ہو گیا جس میں حافظ و خیام کی سرستی و رندی۔ نظیری و عرفی کی تصوف آمیزی۔ امیر خسرو اور جامی کا جوش بیان۔ اور مرزا غالب کی فلسفیت، ان سب کی ملی جلی کیفیتیں پائی جاتی ہیں۔ اس مجموعہ میں آپ کا تمام اردو اور فارسی کا کلام شامل ہے۔ جس میں دو تین سہروں، ایک دو قطعوں اور ایک مرثیہ کے علاوہ سب غزلیں ہی ہیں۔ شروع میں ہدایت الرحمن صاحب محسنی ایم اے نے ۶۲ صفحات کا طویل فاضلانہ مقدمہ لکھکر اس مجموعہ کے حسن معنوی کے نکھارنے میں ایک چابکدست مشاطہ کا کام کیا ہے کتاب ہر صاحب ذوق کے مطالعہ کی چیز ہے۔

مشرق و مغرب | از حمیدہ سلطان صاحبہ دہلوی تقطیع خورد ضخامت ۱۰۴ صفحات کتابت و طباعت عمدہ اور روشن۔ قیمت عہ پتہ:۔ دفتر انیس نسواں دہلی۔

یہ ایک مفید و دلچسپ اخلاقی و معاشرتی افسانہ ہے جس میں ایسی دو لڑکیوں کا موازنہ کیا گیا ہے جن میں سے ایک کو مغربی طریقہ پر تعلیم و تربیت دی گئی تھی اور دوسری کو اسلامی و مشرقی طرز کی تعلیم ملی تھی۔ انگریزی تربیت کے زیر اثر حسن و شباب کی غلط کاریاں، بیجا آزادی اور لادینی کا لعنت

© rasailojaraid.com